F. 6-4 (Edit) /2017 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 17/01/2017

زبان وادب کی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب ہم سائنسی علوم وفنون کی کتابوں کو اپنے نصاب میں شامل کریں: پروفیسر ارتضیٰ کریم

ہمیں اردو داں طبقے میں سائنسی علوم کو رائج کرنے کی ضرورت ہے : پروفیسر احتشام حسنین

قومی اردو کونسل میں نیچرل سائنس پینل کی میٹنگ کا انعقاد

نئی دہلی: تواتر کے ساتھ قومی اردو کونسل کے پینلوں کی میٹنگ کے انعقاد کی وجہ سے کونسل میں پیش کردہ مسودے کی اشاعت میں کافی فعالیت آئی ہے۔ ہمارے جو منصوبے اور اسکیمیں ہیں اس میں کونسل بہت حد تک کامیاب ہے۔ پچھلی میٹنگ میں جو مسودے منظور کیے گئے تھے دو چار کو چھوڑ کر سارے مسودے اشاعت کے قریب ہیں۔ یہ باتیں کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے نیچرل سائنس پینل کی میٹنگ میں کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ جو کتابیں اشاعت کے مرحلے میں ہیں ان میں خصوصی طور پر آبی آلودگی، کیمیائی آلودگی، صوتی وجینی آلودگی اور متوازن غذا شامل ہیں۔ اس کے علاوہ انیس الحسن صدیقی کی کتاب 'خلا میں ہندوستانی پروگرام کی جھلکیاں' فلکیاتی بستہ اور فلکیاتی نظارے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ زبان وادب کی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب ہم سائنسی علوم وفنون کو ترجیحی طور پر اپنے اشاعتی منصوبے میں شامل کریں گے۔

اس میٹنگ کی صدارت پروفیسر احتشام حسنین (شیخ الجامعہ ہمدرد یونیورسٹی) نے کی۔ انھوں نے اپنے صدارتی خطاب میں کہا کہ اس پینل کا مقصد یہ ہے کہ اردو داں طبقہ کو آئے دن ہونے والی سائنسی ایجادات اور سائنسی معلومات کی جانکاری فراہم کی جائے۔ اس سمت کونسل کی کارکردگی قابل ستائش ہے اور بالخصوص کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم مبارکباد کے مستحق ہیں جنھوں نے اپنی سربراہی میں قلیل مدت میں اس کام کو انجام دیا۔

اس میٹنگ میں جن مسودوں کو منظوری دی گئی ان میں عبدالودود انصاری کی 'آؤ سائنسی خط لکھیں، یہ بدن کے حصے حصے، یہ جسم و جان، یہ پیڑ پودے، یہ آب وہوا، یہ مہینے اور موسم اور یہ زمین' قابل ذکر ہیں۔ اس موقع پر پینل کے دوسرے ممبران نے بھی اپنے خیالات پیش کیے۔

میٹنگ میں پروفیسر احتشام حسنین، ڈاکٹر شمس الاسلام فاروقی، ڈاکٹر رفیع الدین ناصر اور کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، اسسٹنٹ ڈائرکٹر اکیڈمک ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر جناب فیروز عالم، ریسرچ اسسٹنٹ محترمہ ذیشان فاطمہ، محترمہ شہناز اختر اور ڈاکٹر شاہد اختر نے بھی شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)